Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

یومِ تاسیس کے موقع پر ملاقات کیلئے جیل آنے والے ذمہ داران سے بانی چیئرمین عمران خان کی خصوصی گفتگو

26اپریل2024

25اپریل1996 کو انصاف، انسانیت اور خودداری جیسے اصولوں کی بنیاد پر اپنی انصاف کی تحریک کی بنیاد ڈالی جو اللہ رب العزت کے فضل و کرم سے تمام تر جبر و فسطائیت کے باوجود ملک کی سب سے بڑی اور مضبوط سیاسی جماعت کا روپ دھار چکی ہے۔ یومِ تاسیس کے موقع پر آپ حضرات کے ذریعے جیل کی سلاخوں کے پیچھے سے اپنی قوم کو پیغام دینا چاہتا ہوں کہ؛

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا اور آزاد پیدا کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ کے امتی ہونے کے ناطے ہماری یہ ذمہ داری ہے کہ ہم حق اور سچ کا ساتھ دیں اور دنیا میں اپنی حقیقت اور حیثیت کو پہچانیں۔ مولانا رومی نے ہمارے لیے ہی یہ پیغام چھوڑا کہ؛

"جب اللہ نے آپ کو پر دے رکھے ہیں تو کیوں چیونٹیوں کی طرح زمین پر رینگتے ہو"

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

مومن اللہ کے علاوہ کسی کے سامنے نہیں جھکتا اس لیے کہ ایمان انسان کو آزاد کرتا ہے۔ دنیا سے غلامی کے بطور ادارہ خاتمے کا پورا کریڈٹ اسلام کو جاتا ہے کیونکہ اسلام آزادی کی حیثیت و اہمیت کو مقدم رکھتا ہے۔

میری جانب سے میری قوم کو پیغام دیں کہ آزادی کبھی پلیٹ میں رکھ کر نہیں دی جاتی جبکہ غلام قوم کا کوئی مستقبل نہیں ہوتا۔ آزادی کے حصول کیلئے لڑنا پڑتا ہے۔ برصغیر کے مسلمانوں نے قائداعظم کی قیادت میں اپنی آزادی ہی کیلئے بے مثال جدوجہد کی آج ہمیں بھی اپنی آزادی کیلئے خوف کی زنجیریں توڑ کر نکلنا پڑے گا۔ مجھے یقین ہے کہ ایک مرتبہ میری قوم صحیح معنوں میں آزاد ہوگئی تو پاکستان کو عظیم بننے سے کوئی نہیں روک سکتا۔

ہماری آزادی میں ایک جنگل کا بادشاہ حائل ہے جو دستوراور قانون کی دھجیاں اُڑا کر ملک میں بدترین آمریت قائم کئے ہوئے ہے۔ جنگل کے اس بادشاہ کی ضد، انا، قانون کو خاطر میں نہ لانے اور ملک کو دستور کی بجائے اپنی مرضی کے مطابق چلانے کی ضد ملکی معیشت، نظامِ حکومت حتی کہ جمہوریت اور عدلیہ کی تباہی کا سبب بن رہی ہے۔

Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

میں یہ سمجھتاہوں کہ ملک کی تباہی کے جاری سلسلے کو روکنے کیلئے قوم کا ہر فرد اپنا کردار ادا کرے اور اللہ نے اسے جو طاقت اور وسائل دے رکھے ہیں انہیں اپنی آزادی کے حصول کیلئے وقف کرے۔

میرا اپنی قوم کے نام پیغام ہے کہ حقیقی آزادی کے حصول کیلئے مجھے جو قربانی بھی دینی پڑی دوں گا مگر اپنی اور اپنی قوم کی آزادی پر کبھی کوئی سمجھوتہ نہیں کروں گا۔

میری قوم جان لے کہ مجھے سراسر جعلی، جھوٹے، من گھڑت اور بے بنیاد مقدمات کی پاداش میں گزشتہ 9ماہ سے جیل میں قید کیا گیا۔ مجھے اگر 9سال یا اس سے بھی زیادہ عرصے کیلئے جیل میں قید رہنا پڑا تو رہوں گا مگر میری قوم کو غلامی کی زنجیروں میں جکڑنے والوں سے کوئی ڈیل نہیں کروں گا۔

---بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk